سوال

(444)بیماری کی وجہ سے مانع حمل تدابیر اختیار کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک دوشیزہ تقریباً تیتیس سال کی ہو چکی ہے اس نے دس بچے پیدا کیے جبکہ آخری بچے کی پیدائش پر آپریشن کی نوبت آگئی آپریشن سے پہلے اس نے اپنے شوہر سے مطالبہ کیا کہ وہ اس کی نس بندی کروادے کیونکہ وہ صحت کے پیش نظر مزید بچے پیدا نہیں کر سکتی جب وہ مانع حمل گولیاں استعمال کرتی ہے تو یہ اس کی صحت پر برا اثر ڈالتی ہیں اس کے شوہر نے مذکورہ عمل کی اجازت دے دی کیا مذکورہ عورت اور اس کا خاوند اس معاملے میں گناہگار تو نہیں ہوں گے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ عمل جراحت میں کوئی حرج نہیں جب ڈاکٹر حضرات یہ رپورٹ دیں کہ اس عورت کے لیے مزید بچے پیدا کرنا نقصان دہ ہے مگر ایسا کرنے کے لیے خاوند کی اجازت لینا ضروری ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 380

محدث فتویٰ